بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

رجسٹرڈ نمبر ایل ۲۵۴

ربوہ

روزنامہ

الفضل

ایڈیٹر مسعود احمد دہلوی

فون ۴۴۹

جلد ۷۳/۳۸ / اتوار ۲۶ ربیع الاول ۱۴۰۴ھ یکم صلح ۱۳۶۳ ہش یکم جنوری ۱۹۸۴ء / نمبر ۱

اخبارِ احمدیہ

حضرت سیدہ امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ مدظلہا العالی کی صحت کے متعلق

تازہ اطلاع (مورخہ ۲۹ دسمبر ۱۹۸۳ء)

رات پیٹ میں تکلیف رہی نیند بھی نہیں آئی کمزوری بہت زیادہ ہے۔

احباب کرام خاص توجہ اور التزام سے دعائیں کرتے رہیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے حضرت سیدہ ممدوحہ کو صحت کامل عطا کرے اور آپ کا بابرکت سایہ تادیر ہمارے سروں پر سلامت رکھے۔ آمین

جلسہ سالانہ کے موقع پر مشرق و مغرب کے ۱۸ ممالک کے ۸۷ نمائندگان کی شرکت

Digitized by Khilafat Library Rabwah

بیرونی ممالک سے آئے ہوئے متعدد مہمانوں نے جلسہ سالانہ سے خطاب فرما کر ایمانوں میں نئی تازگی پیدا کی

مختلف گیسٹ ہاؤسز میں ان ممالک کے مہمانوں کے قیام و طعام کے خصوصی انتظامات

بیک وقت انگریزی اور انڈونیشین زبانوں میں تقاریر کے رواں تراجم کا اہتمام

ربوہ ۲۹ فتح / دسمبر۔ جماعت احمدیہ کے ۹۱ ویں جلسہ سالانہ میں جہاں اللہ تعالیٰ کے فضلوں اور اس کی رحمتوں کے اور بہت سے جلوے دیکھنے میں آئے اور پاکستان کے کونے کونے اور دنیا بھر سے پونے تین لاکھ سے زائد افراد و خواتین جلسہ میں شامل ہوئے وہاں باضابطہ نمائندوں کے طور پر مشرق و مغرب کے ۱۷ ممالک بیرون کے ۸۲ نمائندگان بھی جلسہ میں شامل ہوئے۔ یہ وہ نمائندگان تھے جن کو ان کے ممالک کی جماعتوں نے جماعتی طور پر نمائندگی کرنے کے لئے بھیجا تھا۔ اپنے طور پر بیرونی ممالک میں بسنے والے جو احمدی احباب آئے ان کی تعداد اس کے علاوہ ہے۔

امسال باضابطہ نمائندوں کے طور پر انڈونیشیا سے ۱۵، نائیجیریا سے ۱۰، ماریشس سے ۱۰، امریکہ ۱۰، ملائشیا ۴، کینیڈا سے ایک، ٹرینی ڈاڈ سے ایک، جرمنی سے دو، جنوبی افریقہ سے ۱۵، برطانیہ سے ۴ (۳ بچے ان کے علاوہ) یوگنڈا سے دو، ہالینڈ سے ۱، اور غانا سے ۴ تنزانیہ سے ۱ نمائندگان کے علاوہ شرق اوسط کے چار ملکوں سے سات نمائندگان تشریف لائے۔ ان نمائندگان کی اکثریت متعلقہ ملکوں کے اپنے باشندوں پر مشتمل تھی۔ ان مہمانوں کے قیام و طعام کا خصوصی طور پر گیسٹ ہاؤسوں میں انتظام کیا گیا تھا۔ یہ گیسٹ ہاؤس زندگی کی تمام ضروری آسائشوں سے آراستہ ہیں۔

ان نمائندگان کی آمد کا ایک نہایت ایمان افروز پہلو یہ ہے کہ یہ نمائندگان جلسہ پر تقاریر کرتے ہیں۔ ان کی تقاریر جوش و جذبے اور خلوص و صداقت سے معمور ہوتی ہیں اور احباب ان کو سن کر اپنے ایمان میں تازگی اور نیا استحکام محسوس کرتے ہیں اور زبردست نعرہ ہائے تکبیر و دیگر دینی نعروں سے ان کی تقاریر کے دوران فضا گونجتی رہتی ہے۔

جلسہ سالانہ کے پروگرام کے علاوہ ان مہمانان ممالک بیرون نے شعبہ تحریک جدید مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ کے تحت منعقدہ ایک شبینہ اجلاس میں بھی شرکت کی اور اپنے ملک کی زبان میں تقاریر کیں۔ ان ممالک کے نمائندوں کی اپنے ممالک کی زبانوں میں یہ تقاریر نہایت درجہ ایمان افروز اور روح پرور نظارہ پیش کرتی ہیں۔

ممالک بیرون سے آئے ہوئے ان مہمانوں نے اپنے آقا سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ سے بھی ملاقات کی سعادت حاصل کی اور حضور کے ارشادات عالیہ سے اپنی روحانی تشنگی دور کرنے کا سامان کیا۔

ربوہ میں ان مہمانوں کے آنے جانے چلنے پھرنے کا منظر نہایت عجیب اور ایمان افروز ہوتا ہے۔ جلسہ گاہ میں اور دیگر جگہوں پر احباب جماعت نہایت درجہ شوق اور اخلاص سے ان مہمانوں سے مصافحہ کرتے اور معانقہ کرتے ہیں اور ان سے گفتگو کر کے اس عظیم الشان روحانی انقلاب کو مشاہدہ کرتے ہیں جو حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی آمد سے دنیا بھر میں رونما ہوا۔

ممالک بیرون سے آنے والے مہمانوں کی سہولت کے لئے امسال بھی انگریزی اور انڈونیشین دو زبانوں میں ترجمانی کا انتظام کیا گیا تھا۔ ترجمانوں کے دو کیبن مردانہ اور زنانہ جلسہ گاہ میں علیحدہ علیحدہ بنائے گئے تھے جہاں سے ان کا مواصلاتی رابطہ مقرر اور سامع سے بیک وقت قائم تھا۔ ترجمان احباب مقرر کی تقریر سنتے اور ساتھ ساتھ اس کا متعلقہ زبان میں ترجمہ کرتے چلے جاتے یہ ترجمہ کی آواز ہیڈ فونز کے ذریعہ سٹیج پر بیٹھے ہوئے غیر ملکی مہمانوں کے کانوں تک پہنچ جاتی اور اس طرح سے یہ مہمان بھرپور طریقے سے جلسہ سالانہ کی کارروائی میں شامل ہو جاتے ہیں۔

اَلدَّالُّ عَلَی الْخَیْرِ کَفَاعِلِہٖ

نیکی پر آگاہ کرنے والا نیکی والے کی طرح ہوتا ہے

(حدیث نبوی)

تبتّل کا صحیح مفہوم

حضرت اقدس فرماتے ہیں۔

"کوئی یہ نہ سمجھ لیوے کہ انسان دنیا سے کوئی غرض اور واسطہ ہی نہ رکھے میرا یہ مطلب نہیں ہے اور نہ اللہ تعالیٰ دنیا کے حصول سے منع کرتا ہے بلکہ اسلام نے رہبانیت کو منع فرمایا ہے۔ یہ بزدلوں کا کام ہے۔ مومن کے تعلقات دنیا کے ساتھ جس قدر وسیع ہوں وہ اس کے مراتب عالیہ کا موجب ہوتے ہیں کیونکہ اس کا نصب العین دین ہوتا ہے اور دنیا، اس کا مال و جاہ دین کا خادم ہوتا ہے۔ پس اصل بات یہ ہے کہ دنیا مقصود بالذات نہ ہو بلکہ حصول دنیا میں اصل غرض دین ہو اور ایسے طور پر دنیا کو حاصل کیا جاوے کہ وہ دین کی خادم ہو جیسے انسان کسی جگہ سے دوسری جگہ جانے کے واسطے سفر کے لئے سواری اور زادِ راہ کو ساتھ لیتا ہے تو اس کی اصل غرض منزلِ مقصود پر پہنچنا ہوتی ہے نہ خود سواری اور راستہ کی ضروریات۔ اس طرح پر انسان دنیا کو حاصل کرے۔ مگر دین کا خادم سمجھ کر۔" الحکم ۱۰ اگست ۱۹۰۱ء

رجسٹرڈ نمبر ایل ۲۵۴ پبلشر: مسعود احمد پرنٹر: سید عبدالحی مطبع: ضیاء الاسلام پریس ربوہ۔ مقام اشاعت: دفتر روزنامہ الفضل دارالرحمت غربی ربوہ۔ قیمت ۵۰ پیسے

Digitized by Khilafat Library Rabwah

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ بنصرہ العزیز

کا

تازہ منظوم کلام

جماعت احمدیہ کے ۹۱ ویں جلسہ سالانہ کے دوسرے روز ۲۷ دسمبر ۱۹۸۳ء کو سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی تقریر سے قبل مکرم منیر احمد صاحب جاوید آف لاہور نے حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کا جو تازہ منظوم کلام خوش الحانی سے سنایا وہ ذیل میں ہدیۂ قارئین کیا جاتا ہے۔ (ادارہ)

دو گھڑی صبر سے کام لو ساتھیو! آفتِ ظلمت و جور ٹل جائے گی
آہِ مومن سے ٹکرا کے طوفان کا، رُخ پلٹ جائیگا، رُت بدل جائے گی

تم دعائیں کرو یہ دُعا ہی تو تھی، جس نے توڑا تھا سر کبرِ نمرود کا
ہے ازل سے یہ تقدیرِ نمرودیت، آپ ہی آگ میں اپنی جل جائے گی

یہ دُعا ہی کا تھا معجزہ کہ عصا، ساحروں کے مقابل بنا اژدھا
آج بھی دیکھنا مردِ حق کی دعا، سحر کی ناگنوں کو نگل جائے گی

خونِ شہیدانِ اُمّت کا اے کم نظر، رائیگاں کب گیا تھا کہ اب جائیگا
ہر شہادت ترے دیکھتے دیکھتے، پھول پھل لائے گی پھول پھل جائے گی

ہے ترے پاس کیا گالیوں کے سوا، ساتھ میرے ہے تائیدِ ربّ الوریٰ
کل چلی تھی جو لیکھو پہ تیغِ دعا، آج بھی اِذن ہوگا تو چل جائے گی

دیر اگر ہو تو اندھیر ہرگز نہیں، قولِ اُمْلِیْ لَھُمْ اِنَّ کَیْدِیْ مَتِیْن
سنت اللہ ہے۔ لاجرم بالیقیں، بات ایسی نہیں کہ بدل جائے گی

یہ صدائے فقیرانہ حق آشنا، پھیلتی جائے گی شش جہت میں سدا
تیری آواز اے دشمنِ بد نوا، دو قدم دُور دو تین پل جائے گی

عصرِ بیمار کا ہے مرض لادوا کوئی چارہ نہیں اب دعا کے سوا
اے غلامِ مسیح الزماں ہاتھ اٹھا موت آ بھی گئی ہو تو ٹل جائیگی

Digitized by Khilafat Library Rabwah

وصایا

ضروری نوٹ :-

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی وصیت کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو دفتر بہشتی مقبرہ کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔ (سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ)

مسلہ ۲۵۳۵۱

میں چوہدری محمد علی ولد فتح دین صاحب عمر ۶۲ سال قوم گوجر پیشہ زراعت تقریباً بیعت ۱۹۳۸ء ساکن شہزادہ ضلع سیالکوٹ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ ۵-۲-۸۳ یہ وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے ۱/۱۰ حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل درج ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے

۱۔ ایک یونٹ ویل مالیتی -/۱۲۰۰۰ روپے

۲۔ پلاٹ ۱۹ مربعے ۶ دارالیمن شرقی نصف حصہ مالیتی -/۸۰۰۰ ہزار روپے

۳۔ مکان پختہ واقع شہزادہ مالیتی -/۲۵۰۰۰ روپے

۴۔ بھینس دودھ اس مالیتی -/۹۰۰۰ روپے

اس وقت مجھے مبلغ -/۴۸۰۰ روپے سالانہ بصورت کاشت کاری مل رہے ہیں۔

میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی ۱/۱۰ حصہ داخل خزانہ صدر انجمن احمدیہ کرتا ہوں گا اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر وصیت حاوی ہوگی میں اقرار کرتا ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر اگر کوئی ہوئی حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتا رہوں گا۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جائے۔

العبد۔ محمد علی ساکن شہزادہ ضلع سیالکوٹ

گواہ شد نمبر ۱۔ راشد علی ولد محمد علی ساکن شہزادہ ضلع سیالکوٹ

گواہ شد نمبر ۲ احمد علی چوہدری ولد چوہدری محمد علی صاحب ساکن شہزادہ ضلع سیالکوٹ

مسلہ ۲۵۳۵۲

میں بشیر احمد ولد چوہدری عبداللہ خان صاحب قوم جٹ پیشہ زمیندار عمر ۸۲ سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن بہلولپور ضلع فیصل آباد بقائمی ہوش وحواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ ۳-۵-۸۳ میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے ۱/۱۰ حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔

۱۔ مکان مالیتی پچیس ہزار روپے -/۲۵۰۰۰

۲۔ ۱۲½ ایکڑ زرعی زمین واقع بہلولپور ضلع فیصل آباد مالیتی ایک لاکھ پچیس ہزار روپے کل جائیداد ایک لاکھ پچاس ہزار -/۱۵۰۰۰۰ روپے

اس وقت مجھے مبلغ -/۲۱۶ روپے ماہوار بصورت پنشن مل رہے ہیں اور مبلغ -/۳۶۰۰ روپے سالانہ آمدانہ جائیداد مندرجہ بالا ہے۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی ۱/۱۰ حصہ داخل خزانہ صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میں اقرار کرتا ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتا رہوں میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جائے۔

العبد۔ بشیر احمد بہلولپور چک 127 R.B ضلع فیصل آباد

گواہ شد نمبر ۱۔ نذیر احمد نائب امیر جماعت احمدیہ بہلولپور

گواہ شد نمبر ۲ ناصر احمد صاحب صدر جماعت احمدیہ بہلولپور

مسلہ ۲۵۳۵۳

میں مبشرہ عفت بنت چوہدری عنایت اللہ صاحب قوم جٹ پیشہ خانہ داری عمر ۲۵ سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن بہلولپور چک 127 R.B ضلع فیصل آباد بقائمی ہوش وحواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ ۳-۲-۸۳ میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل جائیداد متروکہ منقولہ وغیر منقولہ کے ۱/۱۰ حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے اس وقت مجھے مبلغ پچاس روپے ۵۰/- ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی ۱/۱۰ حصہ داخل خزانہ صدر انجمن احمدیہ کرتی رہونگی اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میں اقرار کرتی ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتی رہونگی میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جائے۔

الامۃ۔ فاطمہ بی بی زوجہ عبدالسلام صاحب 6/2 G بلاک 7 فلیٹ 16 اسلام آباد

گواہ شد نمبر ۱ عبدالسلام ولد صوفی رحمت اللہ صاحب وصیت ۲۱۶۴۷

گواہ شد نمبر ۲ خورشید عالم صاحب صدر جماعت احمدیہ مانسہرہ ڈب نمبر ۲

مسلہ ۲۵۳۵۵

میں محمد خاں ولد چوہدری سید محمد صاحب قوم جٹ کاہلوں پیشہ پنشنر عمر ۷۰ سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن گھٹیالیاں ضلع سیالکوٹ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ ۱۰-۷-۸۳ میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے ۱/۱۰ حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے

۱۔ زرعی زمین ۲۹ کنال واقع گھٹیالیاں ضلع سیالکوٹ مالیتی -/۵۸۰۰۰ روپے

۲۔ مکان واقع گھٹیالیاں مالیتی -/۴۵۰۰۰

۳۔ حویلی برائے مویشیاں مالیتی -/۵۰۰۰ روپے

۴۔ ایک عدد بھینس مالیتی -/۳۰۰۰ روپے

اس وقت مجھے مبلغ ۲۹۳/۲۰ روپے ماہوار بصورت پنشن مل رہے ہیں۔ اور مبلغ -/۳۰۰۰ روپے سالانہ آمدانہ جائیداد مندرجہ بالا ہے۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی ۱/۱۰ حصہ داخل خزانہ صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو دیتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی میں اقرار کرتا ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتا رہوں گا۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جائے

العبد۔ محمد خاں ولد چوہدری سید محمد صاحب۔ بمقام گھٹیالیاں ضلع سیالکوٹ

گواہ شد۔ سید غلام احمد صاحب صدر جماعت احمدیہ گھٹیالیاں ضلع سیالکوٹ

گواہ شد نمبر ۲۔ محمد علی آف گھٹیالیاں وصیت ۱۴۰۷۵

خط وکتابت کرتے وقت چٹ نمبر کا حوالہ ضرور دیں

Digitized by Khilafat Library Rabwah

فہرست کتب برائے مطالعہ اطفال

بابت سال ۱۹۸۳-۸۴ء

امسال شعبہ تعلیم اطفال الاحمدیہ مرکزیہ کی طرف سے اطفال کے ماہوار مطالعہ کے لئے مندرجہ ذیل کتب مقرر کی ہیں۔ ناظمین اطفال ان کتب کا مطالعہ کروا کر مرکز میں رپورٹ بھجوائیں۔ جزاکم اللہ احسن الجزاء

دسمبر ۱۹۸۳ء	سوانح حضرت عمرؓ	جنوری ۱۹۸۴ء	شیخ عبدالقادر جیلانیؒ
فروری ۱۹۸۴ء	امام ابو حنیفہؒ	مارچ "	ایک شہزادے کی سچی کہانی
اپریل "	پہلا احمدی مسلمان سائنسدان	مئی "	فاروق بن زیاد
جون "	رحمۃ للعالمین اور عالم اطفال	جولائی "	حضرت ابوبکرؓ
اگست "	سوچنے کی باتیں	ستمبر "	حضرت مسیح موعود کی پیشگوئیاں
اکتوبر "	رسول اللہ کی باتیں	نومبر "	سیرت حضرت مسیح موعودؑ

(سیکرٹری تعلیم اطفال الاحمدیہ مرکزیہ)

احمدی ڈی۔ پی خواتین متوجہ ہوں

آل پاکستان لجنہ ٹورنامنٹ ۱۱، ۱۲ فروری ۱۹۸۴ء میں منعقد کیا جارہا ہے۔ اس میں ریفری کے فرائض انجام دینے کے لئے احمدی ڈی۔ پی خواتین کی ضرورت ہے۔ اس کوالیفکیشن کی ہر احمدی بہن سے درخواست ہے کہ فوری طور پر دفتر لجنہ اماء اللہ مرکزیہ میں اپنے پتہ جات بھجوادیں۔ (سیکرٹری صحت جسمانی لجنہ اماء اللہ مرکزیہ۔ ربوہ)

تمام لجنات متوجہ ہوں

آل پاکستان لجنہ ٹورنامنٹ ۱۱-۱۲ فروری ۱۹۸۴ء میں منعقد کیا جارہا ہے۔ تمام اضلاع کی لجنات سے درخواست ہے کہ سب اپنی کھلاڑی لڑکیاں اس میں شمولیت کے لئے بھیجیں جو لجنات پہلی دفعہ شامل ہورہی ہیں وہ مرکزی دفتر کو اطلاع دے کر اپنے لئے ڈپٹیوں کے رنگ، کوائف اور ہدایت نامہ منگوالیں۔ آنے سے قبل مکمل اطلاع اور تعداد سے اطلاع کی جائے۔

(سیکرٹری صحت جسمانی لجنہ مرکزیہ)

دواخانہ حکیم نظام جان کی طرف سے
احبابِ جماعت کو
مبارک ہو
نیا سال
چوک گھنٹہ گھر گوجرانوالہ
حکیم انوار احمد جان ۔ فون ۔ ۷۳۹۹۷
۔ پوسٹ بکس ۔ ۲۲۲

احباب جماعت کو
نیا سال
مبارک ہو
کیور ہومیو میڈیسن (ڈاکٹر راجہ ہومیو) کمپنی رجسٹرڈ
پاکستان لاہور۔ کراچی۔ ہیڈ آفس گولبازار ربوہ
فون ۶۰۷/۶۰۶

ہومیوپیتھک و بایوکیمک ادویات
معیاری مدر ٹنکچرز و پوٹینسیاں
۶ - ۳۰ - ۲۰۰ - ۱۰۰۰ - ۱۰،۰۰۰ سے لاکھ طاقت تک۔ جرمنی سیلڈ ادویات، ملک شوگر گولیاں، ٹکیاں اور ہومیوپیتھک و بایوکیمک کتب پاکستان کے تھوک فروشوں کے متوازی نرخوں پر دستیاب ہیں۔
کیور ہومیو میڈیسن (ڈاکٹر راجہ ہومیو) کمپنی رجسٹرڈ ربوہ فون ۶۰۷/۶۰۶

ارشادات حضرت مصلح موعودؓ

۱۔ ہر وہ احمدی جس کی عمر پندرہ سال سے چالیس سال تک ہے اس کے لئے ضروری ہے کہ وہ چند دنوں کے اندر اندر خدام الاحمدیہ میں اپنا نام لکھوادے۔

۲۔ "میں سمجھتا ہوں کہ ہر وہ نوجوان جو خدام الاحمدیہ میں شامل ہونے کی عمر رکھتا ہے لیکن وہ اس میں شامل نہیں ہوا اس نے ایک قومی جرم کا ارتکاب کیا ہے۔۔۔۔" "اگر کوئی بچہ اطفال الاحمدیہ میں شامل ہونے کی عمر رکھتا تھا اور اس کے والدین نے اسے اطفال الاحمدیہ میں شامل نہ کیا تو اس کے ماں باپ نے بھی ایک قومی جرم کا ارتکاب کیا ہے" "میں امید کرتا ہوں کہ آپ لوگ اپنے عملی نمونہ سے یہ ثابت کردیں گے کہ دنیا میں خدا تعالیٰ کی واحد جماعت آپ ہی ہیں۔۔۔۔" صرف ان مجالس میں شامل ہونا کافی نہیں بلکہ اپنے اعمال ان مجالس کے اغراض و مقاصد کے مطابق ڈھالنے چاہئیں۔ خدام الاحمدیہ کا فرض ہے کہ وہ اپنے اعمال سے خدمت احمدیت کو ثابت کردیں۔۔۔۔" (بیگم اگست ۱۹۴۰ء)

۳۔ جو پندرہ سال سے زیادہ اور چالیس سال سے کم عمر کے ہوں مجلس خدام الاحمدیہ کا ممبر ہونا لازمی ہوگا اور ضروری ہوگا کہ وہ اس میں شامل ہو۔ اس خطبہ کے ذریعے میں جماعت کو توجہ دلاتا ہوں کہ جو نوجوان اس میں شامل نہ ہوگا یہ سمجھا جائے گا کہ وہ سلسلہ کی خدمت کے لئے آمادہ نہیں اور وہ اپنی زبان سے اپنے آپ کو قومی غدار قرار دیتا ہے۔ اور ہر وہ ماں باپ جو اپنے بچے کو اس میں شامل کرنے میں حصہ نہ لیں گے سمجھا جائے کہ وہ اپنے بچے کو سچا مسلمان بنانے کی خواہش نہیں رکھتے۔ اور ہر وہ جماعت جو اس فرض کو کامیاب بنانے میں حصہ نہ لے گی اور اپنے نوجوانوں کو اس میں شامل ہونے پر مجبور نہ کرے گی سمجھا جائے گا کہ وہ اپنا فرض ادا نہیں کررہی۔۔۔۔" (الفضل ۷ جولائی ۱۹۴۴ء) (مرسلہ مہتمم تجنید خدام الاحمدیہ مرکزیہ)

چنیوٹ میں منعقدہ زونل ٹورنامنٹ میں گورنمنٹ تعلیم الاسلام ہائی سکول ربوہ کی شاندار کامیابی

اس ٹورنامنٹ میں کل ۱۴ سکولز نے حصہ لیا۔ اللہ تعالیٰ کے خاص فضل سے علمی اور ورزشی مقابلوں میں ہمارے سکول نے مندرجہ ذیل پوزیشنز حاصل کیں۔

۱۔ بیڈمنٹن سنگل	دوم	۷۔ ہائی جمپ	(ضلع بھر میں اوّل پوزیشن)
۲۔ بیڈمنٹن ڈبل	اوّل	۸۔ ریلے ریس ۱۰۰×۴	اوّل
۳۔ ٹیبل ٹینس سنگل	اوّل	۹۔ " " ۴۰۰×۴	اوّل
۴۔ " " ڈبل	اوّل	۱۰۔ فٹ بال	اوّل
۵۔ کرکٹ	اوّل	۱۱۔ باسکٹ بال	(ضلع بھر میں اوّل)
۶۔ گولہ پھینکنا	اوّل	۱۲۔ اردو تقریر	اوّل

احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمارے سکول کو علمی اور ورزشی مقابلہ جات میں اعلیٰ سے اعلیٰ کامیابیاں عطا فرماتا رہے۔ آمین۔

(انچارج گیمز تعلیم الاسلام ہائی سکول ربوہ)

حضرت حکیم نظام جان کے
مشہور دواخانہ (رجسٹرڈ)
کی طرف سے دعا ہے کہ احباب جماعت کو
اللہ تعالیٰ نیا سال مبارک کرے۔
اور ان کے گھروں کو خوشیوں سے معمور رکھے
۔۔ آمین ۔۔
حکیم عبدالحمید ابن حکیم نظام جان چوک گھنٹہ گھر گوجرانوالہ